(۴) مزدوروں کے نمائندے انتظامیہ کے کمیٹی کے تمام اجلاسوں میں شرکت کرینگے مخصوص طریقے سے اور تمام معاملات اسٹیبلشمنٹ، گروپ آف اسٹیبلشمنٹ کے انتظامیہ سے متعلق ہوں سوائے اُن اجلاسوں کے جس میں تجارتی اور اقتصادی کاروبار کے مذاکرات ہوں۔

(۵) انتظامیہ مندرجہ ذیل معاملات میں مزدوروں کے نمائندوں کے تحریری مشورہ کے بغیر کوئی فیصلہ نہیں کرے گی جیسے کہ:

(اَ) ملازمت کے ترقی کے بارے میں اُصول اور پالیسی کی ترتیب اور مزدوروں کے تعلیم؛

(ب) اسٹیبلشمنٹ، گروپ آف اسٹیبلشمنٹ کے ظاہری حالات کی تبدیلی؛

(ج) مزدوروں کی دوران ملازمت تربیت؛

(د) مزدوروں کی فلاح اور تفریح؛

(ہ) روزانہ کام کی گھنٹوں اور تفریق میں ضابطگی؛

(و) چھٹی کے اوقاتِ کار کی تیاری؛اور

(ز) اسٹیبلشمنٹ، گروپ آف اسٹیبلشمنٹ میں مزدوروں کے رویے اور احکام سے متعلق معاملات۔

(۶) مزدوروں کے نمائندے اپنے محرک پر تحریری مشورہ ذیلی شق(۵) سے متعلق معاملہ میں دے گی اور جہاں یہ ایسا کریں تو انتظامیہ اجلاس طلب کرے گی دو ہفتوں کے اندر اس مشورہ کے وصولی پر تاکہ اُن کے لئے اس کے فوائد پر بات چیت کریں۔

(۷) انتظامیہ مزدوروں کے نمائندے کو ذیلی شق(۵) اور (۶) کے تحت دیے گئے مشورہ کا چھ ہفتوں میں جواب دینگے اور اس مشورہ کو کوئی مسترد نہیں کر سکتا ہے سوائے اُس شخص کے جو اسٹیبلشمنٹ، گروپ آف اسٹیبلشمنٹ کے انتظامیہ میں اُونچے عہدے پر ہوں

(۸) اگر اسٹیبلشمنٹ، گروپ آف اسٹیبلشمنٹ کے انتظامیہ نے مزدوروں کے نمائندے کے مشورے کو مسترد کر دیا تو ایسے معاملے میں مشورہ کے مسترد کرنے کے بعد پندرہ دِن میں، اس کو کلکٹیو بارگیننگ ایجنٹ ورک کونسل میں باہمی مذاکرات کے لئے اُٹھائے گا اور اُس پر دفعہ ۳۸ کے احکامات لاگو ہونگے جیسے یہ صنعتی تنازعہ کی فیصلہ پر لاگو ہوتے ہیں جو تنازعہ ملازم رکھنے والے یا کلکٹیو بارگیننگ ایجنٹ کے خیالات کو ذیلی شق(۱) اُسی شق کے تحت ورک کونسل کو ارسال کرنے سے متعلق ہوں۔

۳۱۔ <u>مجموعی انتظامیہ کا بورڈ</u>۔--- (۱) ہر کمپنی جو مالک ہے یا چلاتی ہے کوئی کارخانہ اور وہ کارخانہ جس کا وہ مالک نہیں ہے نہ وہ چلاتی ہے اور جس میں پچاس فیصد ملازمین ہو یا زیادہ تو انتظامیہ مخصوص طریقے سے مجموعی انتظامیہ کا بورڈ قائم کرے گی جس میں ۳۰٪ کی حد تک مزدوروں شمولیت کرینگے۔

(۲) ملازم رکھنے والوں کے نمائندے مجموعی انتظامیہ کے بورڈ میں ڈائریکٹر یا سینئر ایگزیکٹیو ہونگے اور مزدوروں کے نمائندوں اُن کے درمیان میں سے ہونگے جو کارخانہ میں ملازم مزدور ہونگے۔

(۳) مجموعی انتظامیہ کا بورڈ مندرجہ ذیل معاملات کی دیکھ بھال کریگا جیسے:

(اَ) پیداوار میں پیداواری اور کارکردگی میں اصلاح؛

(ب) نوکری کی مضبوطی اور پیس ریٹس؛

(ج) مزدوروں کی دوبارہ گروپ بندی اور تبادلے منصوبہ پر؛

(د) اُجرت کے اُصول وضع کرنا اور نئی اُجرت کے طریقے متعارف کرنا؛اور

(ہ) کم سے کم سہولیات کے احکامات ایسے مُلازم مزدوروں کیلئے بذریعہ ٹھیکیدار جو مزدوروں کے بہبود سے متعلق قوانین کے تحت نہ آتے ہوں۔

(۴) مجموعی انتظامیہ کا بورڈ انتظامیہ سے فیکٹری یا کمپنی کے کارکردگی کے بارے میں معقول معلومات منگوا سکتی ہے اور انتظامیہ ایسے معلومات فراہم کریگی۔

(۵) مجموعی انتظامیہ کا بورڈ مخصوص طریقے سے اپنے اجلاس وقفوں کے بعد بُلائے گا۔

(۶) مزدوروں کے نمائندے مخصوص مدت تک اپنے عُہدے رکھ سکے گا۔

(۷) اس شق میں،۔

(اَ) "کمپنی" کا وہی ہو گا جو کمپنیز آرڈیننس ۱۹۸۴ء (XLVII، ۱۹۸۴ء کا) میں ہے؛

(ب) "فیکٹری" کا مطلب جو کلاز (j) میں شق ۲ِ فیکٹریز ایکٹ ۱۹۳۴ء (XXV، ۱۹۳۴ء کا) میں ہے؛

(ج) "انتظامیہ" کا مطلب ملازم رکھنے والے۔

۳۲. <u>**معائنہ کرنے والا.---**</u> (۱) معائنہ کرنے والا زیرِ دفعہ فیکٹریز ایکٹ ۱۹۳۴ء (XXV، ۱۹۳۴ء کا) اور دوسرے اس طرح اشخاص جو ثالث اس قانون کے تحت تعینات نہ ہوتے ہوں، جو حکومت بذریعہ اعلامیہ سرکاری گزٹ میں تعینات کریں تو وہ معائنہ کرنے والا تاکہ دفعہ ۳۰ِ، ۳۱ِ، ۳۵ِاس قانون کے احکامات کی تعمیل یقینی کرنے کے لئے اپنے مقامی حدود میں جو ان کو تفویض کریں۔

(۲) معائنہ کرنے والا کر سکے گا،۔

(اَ) تمام معقول اوقات میں کسی بھی جگہ میں داخل ہو سکتے ہیں اور ایسے معائنہ کی ایسی رجسٹر کا کر سکتے ہیں اور دستاویزات کا جو اس قانون کے دفعہ ۳۰ِ، ۳۱ِ، ۳۵ِ کے احکامات متعلق ہیں اور اُسی وقت یا دوسری اوقات میں ایسے شواہد کسی بھی شخص کے لے سکتے ہیں اور دوسری بہت سے اختیارات کا استعمال کا معائنہ کیلئے کر سکتے ہیں جو اپنے فرائض کی ادائیگی کے لئے وہ ضروری سمجھے؛

(ب) انتظامیہ سے ایسے معلومات منگوا سکتی ہے جیسے یہ اپنے افعال کی ادائیگی کے لئے ضروری سمجھے اور انتظامیہ مخصوص وقت میں مانگی ہوئی معلومات مہیا کرنا ہو گی؛ اور

(ج) ہر انسپکٹر کو اس قانون کے زیرِ دفعہ ۳۳ِ کے تحت قابلِ سماعت جرائم میں بذریعہ تحریری اطلاع کے کسی جرم سے باخبر کر سکتا ہے۔

(۳) ہر انسپکٹر سرکاری نوکر تعزیراتِ پاکستان ۱۸۶۰ء زیرِ دفعہ ۲۱ِ کے معنی میں تصور ہو گا۔

۳۳۔ **انسپکٹر کیلئے رُکاوٹ بننے پر سزا۔** ---جو کوئی بخوشی انسپکٹر کیلئے رُکاوٹ بنے گا اس قانون کے زیرِ دفعہ ۳۲ کے تحت اختیارات کے استعمال میں یا انسپکٹر کی مطالبے پر کوئی رجسٹر یا دستاویزات کو پیش کرنے میں ناکام رہے جو اُسکے حراست میں ہے اس قانون کے زیرِ دفعہ ۳۰، ۳۱، ۳۵ کے متعلق یا اُصولوں سے متعلق، یا چھپائے یا بچائے کوئی مزدور، انسپکٹر کے سامنے یا معائنہ کیلئے پیش ہونے سے تو وہ قابلِ سزا ہو گا، جُرمانے کے ساتھ جو پچاس ہزار روپے تک ہو سکتا ہے لیکن کسی معاملے میں وہ پچاس ہزار روپے سے کم نہ ہو گا۔

۳۴۔ **اس قانون کے دفعات ۳۰، ۳۱ اور ۳۵ میں رُکاوٹ۔** --- (۱) جو کوئی اس قانون کے دفعہ ۳۰، ۳۱ اور ۳۵ میں حائل ہو گا تو وہ قابلِ سزا ہو گا جُرمانے کے ساتھ جو ۷۵ ہزار روپے سے کسی معاملے میں کم نہ ہو۔

(۲) کوئی عدالت کسی بھی قابلِ سزا جُرم زیرِ دفعہ ذیلی شق (۱) کے تحت، آگاہی نہیں لے گی سوائے رجسٹرار کے تحریری شکایت پر۔

۳۵۔ **ورک کونسل۔** --- (۱) ہر اسٹیبلشمنٹ، گروپ آف اسٹیبلشمنٹ جہاں پچاس یا زیادہ مزدور ملازم ہو یا ملازم ہوئے ہو کسی بھی پچھلے بارہ مہینوں میں، تو ملازم رکھنے والے مخصوص طریقے سے اپنا ورک کونسل مرتب کرینگے جو ملازم رکھنے والوں اور مزدوروں کے نمائندوں پر مشتمل ہو گی تاہم مزدوروں کی نمائندوں کی تعداد ملازم رکھنے والوں کے نمائندوں کی تعداد سے کم نہ ہو۔

(۲) اسٹیبلشمنٹ، گروپ آف اسٹیبلشمنٹ کے معاملے میں جہاں ایک یا زیادہ تجارتی یونین ہو، تو کلکٹیو بارگیننگ ایجنٹ ایسے ورک کونسل میں مزدوروں کا نمائندہ نامزد کریگا۔

بشر طیکہ جہاں کوئی کلکٹیو بارگیننگ ایجنٹ نہ ہو تو مزدوروں کے نمائندے ورک کونسل میں مخصوص طریقے سے اسٹیبلشمنٹ، گروپ آف اسٹیبلشمنٹ جس کیلئے ورک کونسل مرتب ہے میں مائل مزدوروں کے درمیان چُنے جائینگے۔

۳۶۔ **ورک کونسل کے افعال۔** ---ورک کونسل کے افعال میں ملازم رکھنے والے اور مزدوروں کے درمیان اچھے تعلقات کی حفاظت اور محفوظ کرنے اقدامات کی ترقی شامل ہو گی اور خاص طور پر۔

(اَ) مزدوروں اور ملازم رکھنے والوں کے درمیان ہم آہنگی اور مسلسل ہمدردی کی برقرار رکھنے کی کوشش کرنا؛

(ب) تضاد اور تنازعوں کی بندوبست بذریعہ باہمی دوطرفہ مذاکرت سے؛

(ج) مزدوروں کی ملازمت کی تحفظ کے اقدامات اور اُن کے کام میں اطمینان، صحت اور تحفظ کے شرائط وغیرہ؛

(د) اسٹیبلشمنٹ، گروپ آف اسٹیبلشمنٹ میں اچھے اور ہموار کام کی حالت کی سہولیات کے لئے اقدامات کرنا تاکہ تعلیمی سہولیات مزدوروں کے بچوں کو مہیا ہو سیکٹریل اور اکاؤنٹ کے معاملوں میں اور ان محکموں میں ان کے لئے جگہ بنانا، اسٹیبلشمنٹ یا گروپ آف اسٹیبلشمنٹ میں؛

(ہ) اسٹیبلشمنٹ میں ووکیشن تربیت کو ہموار کرنا؛ اور

(و) دوسری کوئی باہمی دلچسپی کا معاملہ اس بات کے ساتھ کہ بہترین لیبر انتظامیہ کو ترقی دے۔

۳۷۔ <u>**ہر فرد کی انفرادی دِلجوئی۔**</u>--- (۱) مزدور اپنے تحفظات کسی بھی حق کے معاملے میں جو دیا گیا ہو یا حاصل ہو اُسے اس قانون کے تحت یا کسی اور کے یا کوئی فیصلہ یا بندوبست وقتی طور میں، تو ملازم رکھنے والے کو بذریعہ تحریری اطلاع کے، خود یا دُکاندار مہتمم یا کلکٹیو بارگیننگ ایجنٹ کے ذریعے تین مہینوں کے اندر اُسی دِن سے جب یہ تحفظ اُٹھا ہو، کر سکتا ہے۔

(۲) جب مزدور خود ملازم رکھنے والے کی توجہ اپنے تحفظات پر لائے تو ملازم رکھنے والا پندرہ دِن کے اندر اس اطلاع اپنے فیصلہ مزدور کو تحریری اپنا فیصلہ دے گا۔

(۳) جہاں مزدور اپنے تحفظات ملازم رکھنے والے کی اطلاع میں دُکاندار مہتمم یا کلکٹیو بارگیننگ ایجنٹ کے ذریعے لائے تو ملازم رکھنے والا اُسے سات دِن کے اندر اس تحفظات کے اطلاع کے بعد اپنا فیصلہ تحریری شکل میں دُکاندار مہتمم یا جیسے بھی ہو کلکٹیو بارگیننگ ایجنٹ کو ارسال کریگا۔

(۴) اگر ملازم رکھنے والا ناکام ہو جائے کہ وہ ذیلی شق (۲) میں مخصوص مدت میں فیصلہ ارسال نہ کریں یا ذیلی شق (۳) میں جیسے معاملہ ہو اور یا اگر ملازم رکھتے غیر مطمئن ہو اس فیصلے سے، تو دُکاندار مہتمم یا مزدور اس معاملے کو کلکٹیو بارگیننگ ایجنٹ یا لیبر کورٹ تک لے جا سکتا ہے اور جہاں معاملہ لیبر کورٹ میں چلا جائے تو سات دِن کے اندر اس مورخہ سے جس پر اِسے لایا گیا ہو اسکے سامنے جیسے یہ صنعتی معاملہ ہو تو وہ اسے فیصلہ کریگی:

بشرطیکہ یہ مزدور اگر لیبر کورٹ میں معاملہ لے جانا چاہے تو وہ اسے دو مہینے کے اندر، اس کے ارسال سے ملازم رکھنے والے سے اور جیسے بھی معاملہ ہو، ذیلی شق (۳) اور (۲) میں مدت کے اختتام پر جیسے بھی معاملہ ہو، لے جائے گا۔

(۵) ذیلی شق (۴) کے تحت تحفظات کا فیصلہ اور تعین کرنے میں لیبر کورٹ تمام حقائق کو دیکھے گی اور ایسے احکامات کریگی جیسے مناسب اور صحیح ہو اُس معاملے کی حالات میں۔

(٦) اگر ذیلی شق (۴) یا ذیلی شق (۵) کے تحت فیصلہ لیبر کورٹ یا اپیل میں ٹریبونل کا فیصلہ ایسے اپیل میں دیتا ہے اور اُسے مؤثر نہ کیا جائے یا ایک ہفتے میں یا مخصوص مدت میں ایسے حکم اور فیصلے کے پورا نہ کیا جائے تو غلطی کرنے والا قابل سزا ہو گا قید کا جو ایک سال تک ہو سکتی ہے یا جُرمانے کا جو پچاس ہزار روپے تک ہو سکتی ہے یا دونوں۔

(۷) کسی شخص پر ذیلی شق (٦) کے تحت مقدمہ نہیں ہو گا سوائے تحریری شکایت پر۔

(اَ) مزدور کا اگر کوئی حکم یا فیصلہ اُس کے حق میں نافذ نہ ہو مخصوص مدت تک؛ یا

(ب) لیبر کورٹ یا ٹربیونل اگر کوئی حکم یا فیصلہ ہے تو نافذ نہ ہو۔

(۸) اس دفعہ کے مقصد کیلئے، کام کرنے والے / مزدور جن کے یکساں شکایات ایک ہی وجہ سے اُٹھے تو وہ مشترکہ درخواست اور لیبر کورٹ کو دے سکتے ہیں۔

۳۸۔ تضاد اور تنازعوں سے متعلقہ مذاکرات۔ --- (۱) اگر کسی وقت، ایک ملازم رکھنے والا یا کلکٹیو بارگیننگ ایجنٹ یہ معلوم کریں کہ ایک صنعتی تنازعہ آنے والا ہے یا آیا ہے تو ملازم رکھنے والا یا جیسے بھی معاملہ ہو کلکٹیو بارگیننگ ایجنٹ اپنے خیالات تحریری شکل میں ورک کونسل یا دوسری فریق کو ارسال کریگی تاہم جہاں ورک کونسل کو خیالات ارسال ہوتے ہیں تو اس ارسال کی ایک نقل دوسری فریق کو بھی بھیجی جائیگی۔

(۲) اس ارسال ذیلی شق (۱) کے تحت وصولی کے بعد ورک کونسل یا دوسری فریق کوشش کرینگے کہ تنازعہ کو باہمی مذاکرات حل کرینگے دس دِن کے اندر وصولی پر، یا ایسے مُدت تک جو فریقین کے درمیان راضی ہوں اور اگر فریقین کسی فیصلہ پر راضی ہوں تو اُس فیصلے کا منشور تحریری شکل میں مرتب ہو گا اور دونوں فریق کے دستخط ہونگے اور اس کی ایک کاپی ثالث کو اور دوسرے مختیار کلاز (xxix) دفعہ ۲اِس قانون کے تحت جو ہیں، کو ارسال ہونگے۔

(۳) جہاں کوئی فیصلہ کلکٹیو بارگیننگ ایجنٹ یا ملازم رکھنے والے کے درمیان نہ ہو اور اگر ملازم رکھنے والے یا کلکٹیو بارگیننگ ایجنٹ کے خیالات ورک کونسل کو ذیلی شق (۱) کے تحت ارسال ہو اور اُس پر مذاکرات ناکام ہوں تو ملازم رکھنے والے اور کلکٹیو بارگیننگ ایجنٹ سات دِن کے اندر مدت کے اختتام پر بحوالہ ذیلی شق (۲) کے، تنازعے کے دوسرے فریق کو اطلاع کے بعد بندش یا ہڑتال جیسے بھی معاملہ ہو اس قانون کے مطابق کریگا۔

۳۹۔ مصالحت کرنے والا۔ --- حکومت سرکاری گزٹ میں اعلامیہ کے ذریعے جتنے اشخاص جو یہ ضروری سمجھے مصالحت کرنے والا تعینات ہونگے اس قانون کے مقصد کیلئے اور اعلامیہ میں علاقہ کی نشاندہی جہاں وہ اور اسٹیبلشمنٹ، گروپ آف اسٹیبلشمنٹ یا کارخانوں کے اُن درجوں ے جو متعلقہ ہیں، ہر ایک اپنا فعل ادا کریگا۔

۴۰۔ بندش یا ہڑتال کی اطلاع۔ --- بندش اور ہڑتال کی اطلاع جو ذیلی شق (۳) دفعہ ۳۸کے تحت اس قانون کے چودہ دِن ہو گی۔

۴۱۔ مصالحت، بندش اور ہڑتال کے اطلاع کے بعد۔ --- جہاں کوئی فریق صنعتی تنازعہ اس قانون کے دفعہ ۳۸کے تحت بندش یا ہڑتال کے اطلاع کرتا ہے تو اس اطلاع کے ساتھ وہ ثالث کو ایک نقل بھیجے گا جو تنازعہ میں مصالحت کریگا اور لیبر کورٹ میں بھی۔

۴۲۔ **مصالحت کرنے والے کے سامنے کاروائی۔---** (۱) ثالث جلد سے جلد تنازعہ سے متعلق فیصلہ کرنے کے مقصد کیلئے اجلاس طلب کریگا۔

(۲) تنازعے کے فریق مصالحت کرنے والا کے سامنے نامزد اشخاص کے ذریعے پیش ہونگے اور مختار ہوں مذاکرات اور معاہدے کرنے کیلئے جو فریق پر لازم ہونگے۔

بشر طیکہ اگر ثالث کے رائے میں، اُس کے بُلائے ہوئے اجلاس میں مُلازم رکھنے والے یا کسی افسر کا تجارتی یونین سے متعلقہ تو وہ ان افسروں اور مُلازم رکھنے والوں کو بذریعہ تحریری اطلاع ذاتی طور پر پیش ہونے کیلئے اُسکے سامنے، جگہ، تاریخ اور وقت نوٹس پر مخصوص کرے گا اور یہ ملازم رکھنے وال اور تجارتی یونین کے افسر کا فرض ہے کہ وہ اطلاع کو پورا کریں۔

(۳) مصالحت کرنے والا وہ تمام افعال اُس کے سامنے تنازعے سے متعلق کرے گا جو مخصوص ہوں اور خصوصی طور پر کوئی فریق تنازعے کے تجویز کریں گے ایسے تبدیلی اور سہولیات اُن کے مطالبے پر جو ثالث کی رائے میں تنازعے کے حل کیلئے پُرامن اقدام کرینگے۔

(۴) اگر یہ بندوبست یا تنازعے کے کسی معاملے سے جو اُسکے سامنے کاروائی کے دوران پہنچے، تو ثالث حکومت کو اس کاروائی کی اطلاع حکومت کو بھیجنے بمع منشور تنازعہ کا جیسے فریقین نے دستخط کیے ہوں۔

(۵) اگر کوئی فیصلہ ہڑتال یا بندش کے اطلاع کے مدت کے اندر نہ پہنچے تو ثالثی کاروائی فریقین کے مرضی پر مزید مدت تک جاری رہ سکتے ہیں۔

۴۳۔ **ثالث۔---** (۱) اگر مصالحت کرنے والا ناکام ہو جائے تو مصالحت کرنے والا فریقین کو آمادہ کرنے کی کوشش کریگا کہ ثالث کو تنازعہ حوالہ کریں، اگر فریقین راضی ہوں، تو وہ مشترکہ تحریری درخواست سے اس تنازعے کو اُس ثالث کو حوالہ کرینگے جن پر یہ راضی ہوں۔

(۲) ثالث جس کو ذیلی شق (۱) کے تحت حوالہ تنازعہ وہ شخص ہو گا وہ اُس پینل میں وہ شخص ہو گا جو حکومت تیار کرتی ہے یا فریقین کے مرضی پر شخص ہو گا۔

(۳) ثالث اپنا فیصلہ تین دِن کے اندر دے گی اُس تاریخ سے جس پر وہ اس کو ذیلی شق (۱) کے تحت حوالہ کیا گیا ہوں یا مزید مُدت پر یہ راضی ہوں، پر دے گی۔

(۴) جیسے یہ اپنا فیصلہ سنائے گی تو ثالث اس کی نقل فریقین اور حکومت کو بھیجی گی جو اسے سرکاری گزٹ میں شائع کرے گی۔

(۵) ثالث کا فیصلہ حتمی ہو گا اور کوئی اپیل اس کے خلاف نہیں ہو سکے گی۔ یہ دو سال تک کارآمد ہو گا یا جو ثالث مقرر کریں۔

۴۴۔ **ہڑتال اور بندش۔**--- (۱) اگر کوئی فیصلہ مصالحت کے کاروائی کے دوران نہ ہو یا فریقین اس کو دفعہ ۴۳ کے تحت ثالث کو حوالہ نہ کریں تو مزدور ہڑتال میں جاسکتے ہیں جیسے بھی معاملہ ہو، مُلازمین بندش کا اعلان کرسکتے ہیں اس قانون کے زیرِ دفعہ ۴۰ اطلاع میں مدت میں اختتام ہی یا مصالحت کرنے والے کے اعلان پر کہ مصالحت کی کاروائی ناکام ہوگئی ہے جو بھی بعد میں ہو۔

(۲) فریقین تنازعے کے کسی بھی وقت ہڑتال یا بندش کے آغاز سے پہلے یا بعد میں لیبر کورٹ کو تنازعے کا فیصلہ کرنے پر درخواست کرسکتے ہیں۔

(۳) جہاں ہڑتال یا بندش تیس دِن کے لئے رہے تو حکومت اپنے تحریری حکم کے بندش یا ہڑتال کو منع کرسکتی ہے:

بشرطیکہ حکومت تحریری حکم سے کسی ہڑتال یا بندش کو کسی بھی وقت تیس دِن کے اختتام پر منع کرسکتی ہے اگر وہ مطمئن کہ ایسے ہڑتال اور بندش کا جاری رہنا معاشرے کیلئے سخت مشکلات پیدا کرسکتی ہے یا وہ قومی مفاد سے متعصب ہو۔

(۴) اگر کسی معاملے میں حکومت ہڑتال یا بندش منع کریں تو لیبر کورٹ کو مسئلہ حوالہ کریگی۔

(۵) لیبر کورٹ دونوں فریقین کو سُننے کا موقع فراہم کرنے کے بعد ایسا فیصلہ کریگی جو یہ ضروری سمجھے اور جلد ممکن ہو لیکن تیس دِن سے زیادہ اُس تاریخ سے زیادہ نہ لیں جس پر حوالہ کیا گیا ہو:

بشرطیکہ لیبر کورٹ کوئی بھی درمیانہ فیصلہ کسی تنازعہ کے معاملے سے ہو، کرسکتا ہے:

بشرطیکہ مزید کوئی تاخیر لیبر کورٹ میں فیصلہ کرنے میں، فیصلہ کی درستگی پر اثر نہیں کرے گی۔

(۶) لیبر کورٹ کا فیصلہ اُس مخصوص مدت تک ایوارڈ میں جو ہے، ہوگا جو دوسال سے زیادہ نہیں ہوگا۔

۴۵۔ **عوامی یوٹیلیٹی خدمات میں ہڑتال یا بندش۔** --- (۱) حکومت ہڑتال اور بندش کے معاملے میں جو صنعتی تنازعہ سے متعلق ہوں، عوامی یوٹیلیٹی خدمات کے معاملے میں، تو بذریعہ تحریر ہڑتال اور بندش کو کسی بھی وقت ہڑتال یا بندش کے آغاز سے پہلے یا بعد میں منع کرسکتی ہے۔

(۲) ذیلی شق (۴)،(۵)،(۶) زیرِ دفعہ ۴۴ اِس قانون کے تحت ذیلی شق (۱) کے تحت کئے گئے حکم پر بھی لاگو ہونگے جیسے یہ ذیلی شق (۳) کے تحت حکم پر لاگو ہوتے ہیں۔

۴۶۔ **لیبر کورٹ کو درخواست۔**--- کوئی کلکٹیو بارگیننگ ایجنٹ یا مُلازم رکھنے والا لیبر کورٹ کو کسی بھی ضمانت شُدہ اور محفوظ حق اس قانون کے تحت یا کسی دوسری قانون کے تحت یا فیصلہ یا ایوارڈ کے تحت، نفاذ کیلئے درخواست دے سکتی ہے۔

۴۷۔ **فیڈریشن کا صنعتی تنازعے کھڑے کرنا۔**--- (۱) علاوہ اس کے جو اس قانون میں شامل ہے، صنعت وار تجارتی یونین کے فیڈریشن یا فیڈریشن صوبائی سطح کیا کرسکتی ہے اگر یہ ہے کلکٹیو بارگیننگ ایجنٹ کوئی صنعتی تنازعہ جو ملازم رکھنے والوں اور

مزدوروں کو اسٹیبلشمنٹ، گروپ آف اسٹیبلشمنٹ جس کی یہ فیڈریشن نمائندگی کریں اور ٹربیونل کا فیصلہ تمام ملازم رکھنے والے اور مزدوروں پر لازم ہوگا۔

(۲) کوئی بھی کلکٹیو بارگیننگ ایجنٹ کسی بھی وقت کسی بھی معاملے میں کوئی بھی فیصلہ ٹربیونل کا مؤثر ہو، تو معاملے سے متعلق مطالبات اُٹھا سکتے ہیں۔

۴۸. **لیبر کورٹ.**--- (۱) حکومت سرکاری گزٹ میں اعلان کے بعد جتنے یہ ضروری سمجھے لیبر کورٹ قائم کر سکتی ہے جہاں یہ ایک سے زیادہ لیبر کورٹ قائم کریں تو یہ بذریعہ اعلان، اُن کی جغرافیائی حدود اور صنعت یا اُن معاملوں کی درجات کریگا جس میں اس قانون کے تحت ان کو اختیارِ سماعت حاصل ہوگی۔

(۲) لیبر کورٹ میں ایک پریزائڈنگ افسر ہوگا جسے حکومت تعینات کرے گی۔

(۳) وہ شخص پریزائڈنگ افسر کا اہل نہ ہوگا جب تک وہ نہ ہوگا اور نہ ہے ایک ڈسٹرکٹ جج یا ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج۔

(۴) ایک لیبر کورٹ کرے گی۔

(اَ) اس قانون کے تحت وہ فیصلہ یا تعین اُس صنعتی تنازعہ جو اس کو حوالہ ہوگی یا اس کی سامنے لائی ہوگی؛

(ب) حکومت کی طرف سے حوالہ کی گئی کسی بھی فیصلہ یا بات چیت کے خلاف ورزی یا اطلاق سے متعلق معائنہ یا تعین کرنا؛

(ج) اس قانون کے تحت جرائم یا ایسے دوسرے جرائم دوسری قوانین کے تحت سماعت کرے گی جو حکومت بذریعہ اعلامیہ سرکاری گزٹ میں اس مد میں مخصوص کرے گی؛

(د) اس قانون کے تحت دفعہ ۶۸ کے تحت جرائم کی سماعت ہوگی؛

(ہ) نامناسب مزدور مشقوں کی مقدمات کی لین دین جو اس قانون میں دفعہ ۱۷ یا ۱۸ میں مخصوص ہوگی، مُلازم رکھنے والوں کی طرف ہے، تجارتی یونین یا ان میں سے یا ان کی طرف سے کوئی شخص جو کام کریں خواہ وہ انفرادی یا اجتماعی طور پر اس قانون کے تحت دفعہ ۳۷ یا ۴۶ کے تحت دیے گئے طریقے کے مطابق کریں یا دوسرے کوئی طریقے جو مخصوص ہوں یا کسی مخصوص شُدہ طریقے کے مطابق لے گی؛ اور

(و) دوسری اختیارات یا افعال کی ادائیگی اور استعمال جو اس پر اس قانون یا کسی دوسرے قانون کے تحت لاگو یا تفویض ہو، کریگی۔

۴۹. **لیبر کورٹ کے کاروائی اور اختیارات.** --- (۱) اس قانون کے احکامات کے تحت جب لیبر کورٹ میں کسی جُرم کا مقدمہ جاری ہو تو یہ تعزیراتِ پاکستان ۱۸۹۸ء میں سمری کاروائی کو جتنے ممکن ہو، پیروی کرے گی۔

(۲) لیبر کورٹ جب کسی بھی صنعتی تنازعہ کی احاطہ یا فیصلہ کی مقصد کیلئے دیوانی عدالت تصور ہوگی اور اُس کے پاس وُہی اختیارات ہونگے جو ضابطہ دیوانی ۱۹۰۸ء کے تحت دیوانی عدالت کو ہونگے بشمول اختیارات۔

(اَ) کسی شخص کی طلبی کو یقینی بنانا اور اُس کا حلفاً مخالف بیان؛

(ب) دستاویزات اور بنیادی چیزوں کی پیش کرنے پر مجبور کرنا؛ اور

(ج) گواہ کی بیانات اور دستاویزات کیلئے کمیشن مقرر کرنا؛

(۳) لیبر کورٹ اس قانون یا انڈسٹریل اور کمرشل مُلازمت (سٹینڈنگ آرڈرز) آرڈیننس ۱۹۶۸ء کے تحت جرائم کے مقدمات کی غرض سے اس کے پاس وُہی اختیارات ہونگے جو مجسٹریٹ درجہ اول جو خاص طور پر دفعہ ۳۰ ضابطہ فوجداری ۱۸۹۸ء کے تحت بااختیار کے پاس جو ہیں۔

(۴) کوئی بھی عدالتی معاوضہ لیبر کورٹ سے کسی بھی دستاویزات کے حصول یا پُر کرنے، نُمایاں یا قلمبند کرنے کے لئے ادا نہیں ہوگا۔

(۵) اگر فریقین مقدمات میں لیبر کورٹ کے کسی بھی حتمی فیصلہ کے اعلان سے پہلے کسی بھی وقت اگر وہ لیبر کورٹ کو یہ اطمینان کرائیں کہ معاملہ پُر امن طریقے سے ان کے درمیان حل ہو گیا ہے یا مناسب / کافی وجوہات ہیں مقدمہ کی واپسی کیلئے تو لیبر کورٹ ایسی واپسی کی اجازت دے گی۔

۵۰۔ <u>لیبر کورٹ کے فیصلے اور ایوارڈ۔</u>--- (۱) کسی بھی ایوارڈ یا فیصلہ لیبر کورٹ کا، تحریری شکل میں کُھلی عدالت میں ہوگا اور دو نقل حکومت کو بھیجی جائینگی، اگر وفاقی حکومت فریق ہوگی بشرطیکہ اُس کو ہی دو نقل ایوارڈ یا فیصلہ کے ارسال کئے جائینگے۔

(۲) حکومت ایک مہینے کے اندر اس فیصلہ کے ایوارڈ یا فیصلہ کے وصولی کے بعد سرکاری گزٹ میں شائع کریگی۔

(۳) کوئی فریق جو ایوارڈ ذیلی شق (۱) کے تحت یا فیصلہ ذیلی شق ۳۷ اور فیصلہ شق ۴۶ کلاز (اَ) اور (ب) اور دفعہ ۴۸ کے ذیلی شق (۴) یا دی گئی سزا کلاز (ج) اور (ہ) ذیلی شق (۴) دفعہ ۴۸ کے تحت، کے خلاف لیبر اپیلیٹ ٹربیونل کو تیس دن کے اندر اس کے سُنانے پر کر سکتا ہے اور اس میں اپیل میں ٹربیونل کو تیس دین کے اندر اس کے سُنانے پر کر سکتا ہے اور اس اپیل میں ٹربیونل کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

(۴) سوائے اس کے جو اس قانون میں مظہر ہوں، تمام فیصلے اور لیبر کورٹ کے تمام سُنائے گئے سزائیں حتمی ہونگے اور کسی بھی طریقے سے یا کسی بھی عدالت میں یا دوسرے مختار ادارے میں اُس پر سوال نہیں کئے جائینگے۔

۵۱۔ <u>لیبر اپیلیٹ کورٹ۔</u>--- (۱) حکومت سرکاری گزٹ میں اعلامیہ کے بعد جتنے یہ ضروری سمجھے تو ٹربیونل قائم کر سکتی ہے جو ارا کین بھی مشتمل ہوگی اور اگر یہ ایک سے زیادہ ٹربیونل قائم کریگی تو اعلامیہ میں اس کی جغرافیائی حدود کا تعین کریگی تو

اعلامیہ میں اس کی جغرافیائی حدود کا تعین کریگی اور مقدمات کی درجات کی جو متعلق ہوں، ہر ایک میں اس قانون کے تحت اختیارِ سماعت ہو گی۔

(۲) ٹربیونل کا رُکن وہ شخص ہو گا جو ہے یا ہو گا ایک جج یا ایڈیشنل جج ہائی کورٹ کا، اور حکومت کے متعین کردہ شرائط وضوابط کے مطابق تعینات ہو گا۔

(۳) ٹربیونل اپیل پر کوئی حکم یا فیصلہ یا ایوارڈ جو دفعہ ۴۳ یا ۴۷ یا دفعہ ۴۸ میں ذیلی شق (۴) کے کلاز (ج)، (د) اور (ہ) کے تحت سُنائی گئی سزا اس قانون کے تحت، تصدیق، منسوخ، تبدیل یا کم کر سکتی ہے اور اس قانون کے تحت عدالت کو تمام اختیارات تفویض شُدہ استعمال کر سکتی ہے اور اس قانون کے تحت عدالت کو تمام اختیارات تفویض شُدہ استعمال کرے گی جو علاوہ اس کے بھی ہوں۔ ٹربیونل کے فیصلے کو جلد از جلد اپیل کے جمع کرنے کے ساٹھ دِن کے اندر سُنائے گی۔ بشرطیکہ یہ فیصلہ سُنانے میں تاخیر کی وجہ سے فاسد قرار نہ دے گی۔

(۴) ٹربیونل اپنے اختیار پر کسی بھی وقت اس قانون کے تحت کسی بھی وقت کسی بھی مقدمہ کی ریکارڈ یا کاروائی طلب کر سکتی ہے جس میں لیبر کورٹ نے اپنے اختیار سماعت میں فیصلہ سُنایا ہو، ایسے محکمہ کے تصدیق، جائز ہونے یا ایسے حکم کی ملکیت پر اپنے اطمینان کے مقصد کے لئے اور اس پر جیسے یہ مُناسب سمجھے، حکم سُنا سکتا ہے۔

(۵) ٹربیونل مخصوص طریقے سے موجود عمل کی پیروی کرے گا۔

(۶) ٹربیونل کے پاس اختیار ہو گا کہ وہ اپنے اختیار میں، یا لیبر کورٹ کے پاس اپیل کی سماعت، میں توہین پر سزا دیں جیسے یہ ہائی کورٹ ہو۔

(۷) جو شخص جو ملزم ہو اور ٹربیونل اُسے سزا دیں ذیلی شق (۶) کے تحت، کہ کسی بھی مدت تک قید یا جُرمانہ جو پندرہ ہزار روپے سے تجاوز نہ کریں تو اُس پر عدالت عظمیٰ کو رُجوع کر سکتا ہے۔

(۸) ٹربیونل اپنے یا کسی فریق کے درخواست پر، کسی بھی لیبر کورٹ سے اپنے اختیار سماعت میں کسی دوسرے لیبر کورٹ کو منتقل کر سکتی ہے۔

(۹) علاوہ اس کے جو ذیلی شق (۳) میں ہے، اگر اس کو لیبر کورٹ کے کسی فیصلے کے خلاف کوئی اپیل پیش گزاری جائے مزدوروں کے بحالی کے ہدایات، ٹربیونل لیبر کورٹ کے کسی حکم کے کاروائی کو معطل کر سکتی ہے اور ٹربیونل اس اپیل کو بیس دِن کے اندر اس کو پیش کی ہوئی اپیل کو فیصلہ کرے گی۔

(۱۰) ٹربیونل ایسے دوسرے اختیارات اور افعال کی ادائیگی جو حکومت بذریعہ اعلامیہ سرکاری گزٹ اس کو تفویض کرے، کرے گی وقتاً فوقتاً۔

۵۲.   **بندوبست اور فیصلے جن پر لازم ہے۔---** (۱) کوئی فیصلہ جو ثالثی کاروائی کے دوران پہنچ جائے یا کوئی دوسرے طریقے سے مُلازم رکھنے والا اور کلکٹیو بارگیننگ ایجنٹ یا ایوارڈ کسی ثالثی کا جو مخصوص ہو زیرِ دفعہ ۴۳ یا ایوارڈ یا فیصلہ لیبر کورٹ جو زیرِ دفعہ ۵۰ کے تحت ہو یا فیصلہ ٹربیونل کا زیرِ دفعہ ۵۱ کا اس قانون کا کرے گا-

(اَ) صنعتی تنازعہ کے تمام فریقین پر لازم ہو گا؛

(ب) تمام فریقین پر لازم ہو گا جو لیبر کورٹ میں کسی بھی کاروائی میں پیش ہونے کے لئے طلب ہوئے ہوں کسی بھی صنعتی تنازعہ میں بطور فریق جب تک کورٹ / عدالت اُسے کسی دوسرے طریقے سے ایسی کسی بھی فریق کو ہدایات نہ دیں؛ اور

(ج) جہاں کلکٹیو بارگیننگ ایجنٹ کسی بھی صنعتی تنازعہ میں فریق ہو تو تمام مزدوروں پر لازم ہو گا جو مُلازم ہے اسٹیبلشمنٹ یا کارخانہ میں جس سے صنعتی تنازعہ متعلق ہو اُسی پہلی تاریخ پر جس پر تنازعہ آیا ہو اور اُن پر جو اُس مورخہ کے بعد ملازم ہوئے ہوں:

بشر طیکہ جہاں کلکٹیو بارگیننگ ایجنٹ یا تجارتی یونین جو کلکٹیو بارگیننگ ایجنٹ کا فعل ادا کرتا ہے زیرِ دفعہ ۶۷ کے تحت بنا ہے، تو مُلازم رکھنے والے کسی دوسرے تجارتی یونین کے فیصلے / بندوبست میں شامل نہیں ہونگے جو کوئی بھی متضاد / اختلاف ان احکامات کے وہ زیرِ دفعہ ۱۱۷ کے تحت نامناسب مزدور مشقیں تصور ہونگے۔

(۲) کوئی بھی فیصلہ جو ملازمین رکھنے والے یا تجارتی یونین کے درمیان کسی دوسرے طریقے سے بغیر ثالثی کاروائی کے معاہدے کے فریقین پر لازم ہو گا۔

۵۳.   **بندوبست / فیصلہ یا ایوارڈ کے لئے مؤثر (پُر اثر) تاریخ۔---** (۱) فیصلہ مؤثر نہ ہو گا-

(اَ) اگر فریقین تنازعہ کے کسی مورخہ جو اُس سے متعلق ہو، پر راضی ہو جائے؛ اور

(ب) اگر کوئی مورخہ پر راضی نہ ہوں تو وہ تاریخ جس پر فریقین کے لئے یادداشت پر دستخط کے تاریخ پر؛

(۲) کوئی فیصلہ فریقین پر اُس وقت تک لازم ہو گا جب تک یہ فریقین راضی ہوں لیکن یہ مدت دو سال سے تجاوز نہ کریں اور اگر کوئی مدت پر راضی نہ ہوں تو ایک سال کی مدت تک اُس تاریخ سے جب فیصلہ کی یادداشت پر تنازعہ کے فریقین کے دستخط ہوئے ہوں اور یہ مذکورہ مدت کے اختتام پر بھی فریقین پر لازم ہونگے جب تک دو مہینے کے اندر اُسی تاریخ سے فریقین دوسرے فریقین کو تحریری طور پر اپنے ادارے کا، کہ مزید اس فیصلے کو لاگو کرنا نہیں، اطلاع دیں۔

(۳) کوئی ایوارڈ اس قانون کے زیرِ دفعہ ۵۰ کے ذیلی شق (۱) کے تحت جب تک اس کے خلاف ٹربیونل میں کوئی اپیل پیش نہ ہوئی ہو تو یہ اُسی تاریخ سے مؤثر ہو گا اور مؤثر رہے گا اُس مدت تک جو دو سال سے تجاوز نہ کریں یا جو وہاں مخصوص

ہوں۔ ثالث، لیبر کورٹ یا جیسے بھی معاملہ ہو، ٹربیونل مورخہ کو مخصوص کرے گی جس سے ایوارڈ مختلف مطالبات پر مؤثر ہو گی اور وقت کی حد کو جس میں ہر معاملے میں نافذ ہو گی۔

بشرطیکہ کسی بھی وقت مذکورہ مدت کے اختتام پر کوئی بھی فریق جس پر یہ فیصلہ لازم ہے لیبر کورٹ کو درخواست دے سکتا ہے جو ایوارڈ کو مذکورہ مدت کے لئے کم کر سکتا ہے اس بنیاد پر وہ حالت جس میں فیصلہ ہوا ہے وہ بنیادی طور پر تبدیل ہو گئے ہیں۔ لیبر کورٹ دوسری فریق کو سننے کا موقع فراہم کرنے کے بعد فیصلہ سُنا سکتی ہے، کہ فیصلہ میں مخصوص تاریخ پر مذکورہ مُدت کو ختم کر سکتی ہے۔

(۴) ٹربیونل کے فیصلے زیرِ دفعہ ۵۱ِ ذیلی شق (۳) اس قانون کے تحت، اپیل میں ایوارڈ کے دِن سے مؤثر ہونگے۔

(۵) علاوہ اس کے جو ایوارڈ، ذیلی شق (۳) کے تحت مؤثر ہو، کے اختتام پر، یہ فیصلہ فریقین پر لازم جاری رہے گا دو مہینے تک اُسی تاریخ سے جب یہ فریق دوسرے فریق تحریری طور پر اپنے ادارے سے کہ ایوارڈ مزید لازم ہو گا، سے مطلع نہ کریں۔

۵۴. **آغاز اور کاروائی کا نتیجہ.---** (۱) ثالثی کاروائی اُسی تاریخ سے شروع تصور ہونگے جس پر ہڑتال یا بندش کا نوٹس اس قانون کے تحت زیرِ دفعہ ۴۰ِ کے تحت ثالث جب وصول کریں۔

(۲) ثالثی کاروائی اُسی وقت تمام تصور ہو گی۔

(اَ) جب فیصلہ ہو جائے تو اُسی تاریخ پر جب تنازعہ کے فریقین اُس فیصلے کی یادداشت پر دستخط کریں؛

(ب) جب کوئی فیسلہ نہ ہوا ہو تو،-

(i) اگر تنازعہ کو اس قانون کے تحت ثالث کو حوالہ کیا جائے اُسی تاریخ پر جس پر ثالث اپنا فیصلہ دیتا ہو یا دوسری طرح ہو؛ یا

(ii) اُس تاریخ پر جس پر بندش یا ہڑتال کی نوٹس کی مُدت ختم ہو جائے۔

(۳) لیبر کورٹ کے سامنے کاروائی کا آغاز تصور ہو گی،-

(اَ) اگر صنعتی تنازعے سے متعلق ہو تو اُسی تاریخ پر جس پر دفعہ ۴۴ِ اور ۴۶ِ کے تحت درخواست کی ہوئی ہو یا اُس تاریخ پر جس پر حکومت نے دفعہ ۴۴ِ اور ۴۵ِ اس قانون کے تحت اس کو لیبر کورٹ کے حوالے کیا ہو؛ اور

(ب) دوسرے معاملات سے متعلق، تو اُس تاریخ پر جس پر اس کو لیبر کورٹ کو حوالہ کیا گیا ہو۔

(۴) ٹربیونل کے سامنے تنازعہ سے متعلق کاروائی کی حوالگی جو اس قانون کے دفعہ ۴۴ِ اور ۴۵ِ کے تحت ہو تو وہ حوالگی کے دِن کے تاریخ سے شروع تصور ہو گی۔

(۵) ٹربیونل اور لیبر کورٹ کے سامنے کاروائی کا نتیجہ اُسی دِن حتمی تصور ہو گا جب ایوارڈ ایگزیکٹیو فیصلہ ذیلی شق (۱) دفعہ ۵۰ اِس قانون کے تحت تصور سُنائی جائے۔

۵۵. **کئی معاملات کو بصیغۂ راز رکھا جائے گا۔** --- کسی رپورٹ، ایوارڈ یا فیصلہ اس قانون کے تحت جو ہے اُس میں یہ شامل نہ ہو گا جہ کوئی معلومات رجسٹرار، لیبر کورٹ، ثالث یا ٹربیونل سے معائنہ کے دوران یا پوچھ گچھ کہ تجارتی یونین ہے یا کوئی انفرادی کاروبار (جیسے کوئی شخص، فرم یا کمپنی چلاتی ہو) کے بارے میں جو دوسری طرح سے مہیانہ ہو سوائے بذریعہ شہادت کے اس مختار کے سامنے، اگر تجارتی یونین، شخص، فرم یا کمپنی جو متعلق ہے، تحریری شکل میں درخواست کریں اس مختار کو کہ یہ معلومات صیغۂ راز رہیں گے اور نہ ہی یہ کاروائی ایسے معلومات عیاں کرے گی بغیر تحریری اطلاع کے تجاتی یونین، شخص، فرم یا متعلقہ کمپنی کے سیکرٹری کو:

بشرطیکہ اس شق میں کوئی بھی ایسی چیز شامل نہ ہے جو ایسی معلومات کی فراہمی مقدمہ زیرِ دفعہ ۱۹۳ اِتعزیراتِ پاکستان ۱۸۶۰ء کے مقصد کیلئے درکار ہوں۔

۵۶. **صنعتی تنازعوں کا اُٹھنا۔** --- کوئی بھی صنعتی تنازعہ موجود تصور نہ ہو گا جب تک یہ مخصوص طریقے سے کلکٹیو بارگیننگ ایجنٹ یا مُلازم رکھنے والوں کے ذریعے نہ اُٹھا ہو۔

۵۷. **بندش یا ہڑتال کی اطلاع کا کرنا دوران کاروائی منع ہونا۔** --- کوئی بھی اطلاع اس ہڑتال یا بندش کی کسی بھی فریق صرف نہیں کریگا صنعتی تنازعہ سے متعلق جب ثالثی کاروائی یا ثالث کے سامنے کاروائی یا لیبر کورٹ یا ٹربیونل کے سامنے ذیلی شق (۳) زیرِ دفعہ ۵۱ اِس قانون کے تحت صنعتی تنازعہ سے متعلق کسی بھی معاملے سے متعلق اپیل زیرِ تجویز ہو۔

۵۸. **لیبر کورٹ اور ٹربیونل کے اختیارات کہ ہڑتال منع کریں۔** --- (۱) جب کوئی ہڑتال یا بندش کسی صنعتی تنازعہ کی کوشش میں پہلے سے شروع ہو یا اُس وقت موجود ہو جب اس صنعتی تنازعہ کے متعلق پائی گئی ہو یا زیرِ تجویز ہو ایک درخواست لیبر کورٹ کو اس قانون کے زیرِ دفعہ ۴۶ اِ کے تحت تو لیبر کورٹ تحریری حکم سے ہڑتال یا بندش کو جاری رکھنے سے منع کر سکتی ہے۔

(۲) جب صنعتی تنازعہ سے متعلق کوئی معاملہ جس کے متعلق اس قانون کے زیرِ دفعہ ۵۱ اِ کے تحت اپیل ہوا ہو تو ٹربیونل بذریعہ تحریری حکم اس صنعتی تنازعہ کے کوشش میں ہڑتال یا بندش کو جاری رکھنے سے منع کر سکتی ہے جو پہلے سے شروع ہوئی ہے یا وہ اُس دِن موجود جس پر اپیل دائر کیا گیا ہے۔

۵۹. **غیر قانونی ہڑتال اور بندش۔** --- (۱) بندش اور ہڑتال ناجائز ہو گی اگر۔

(اَ) وہ ظاہر ہوں، شروع ہوں یا جاری رہے بغیر اطلاع کے دوسرے فریق کو تنازعہ میں، مخصوص طریقے سے اطلاع ہڑتال یا بندش کی یا اُس تاریخ سے پہلے ہڑتال یا بندش جو نوٹس میں مخصوص ہوں یا اس قانون کے دفعہ ۵۷ اِ کے تضاد میں ہوں؛

(ب) یہ اگر اس قانون کے دفعہ ۵۶ میں مہیا طریقے کے علاوہ کسی اور طریقے سے اُٹھے صنعتی تنازعے کے نتیجے میں نمایاں، شروع یا جاری ہو؛

(ج) اگر یہ اس قانون کے زیرِ دفعہ ۴۴، ۴۵ یا ذیلی شق (۳) زیرِ دفعہ ۶۰ کے تحت حکم کے متضاد ہوں؛ یا

(د)

(۲) کسی غیر قانونی ہڑتال کے نتیجے میں اعلان شدہ بندش اور غیر قانونی بندش کے نتیجے میں اعلان شُدہ ہڑتال، غیر قانونی تصور نہ ہو گی۔

۶۰. **غیر قانونی، ہڑتال اور بندش کے معاملوں میں طریقہ کار---** (۱) علاوہ اس کے جو اس قانون کے شق میں شامل ہے یا دوسری قوانین میں جو نافذ العمل ہے، ایک افسر لیبر کے محکمہ کا، جس کا عہدہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر لیبر ویلفیئر سے کم نہ ہو، تو اس شق میں افسر ہو گا اور وہ مخصوص طرتے سے پوچھ گچھ کرے گا جیسے یہ ضروری سمجھے ناجائز ہڑتال اور بندش کسی اسٹیبلشمنٹ، گروپ آف اسٹیبلشمنٹ اور لیبر کورٹ کو اطلاع بھیجے گا۔

(۲) پوچھ گچھ کے اختتام پر، افسر تجارتی یونین، کلکٹیو بارگیننگ ایجنٹ اور ملازم رکھنے والوں کو نوٹس بھیجے گا متعلقہ تنازعہ کہ لیبر کورٹ کے مقررہ تاریخ میں پیش ہوں۔

(۳) لیبر کورٹ دس دِن کے اندر، جب وہ ذیلی شق (۱) کے تحت رپورٹ حاصل کریں، رپورٹ کو سمجھنے کے بعد اور ایسے فریق کو سُننے کے بعد جو اس کے سامنے پیش ہوئے ہوں، ہڑتال کو ختم اور بندش کو اُٹھانے کا حکم کرے گی۔

(۴) اگر ملازم رکھنے والے لیبر کورٹ کے ذیلی شق ۳ کے تحت حکم کے خلاف ورزی کریں اور عدالت مطمئن ہوں کہ ہڑتال کمیونٹی کو سخت مشکلات پیش کرے گی یا قومی مفاد سے متعصب ہے تو اسٹیبلشمنٹ، گروپ آف اسٹیبلشمنٹ کے قرقی کا حکم جاری کر سکتی ہے اور سرکاری ریسیور کی تعیناتی کرے گی اتنے مُدت تک جو یہ مناسب سمجھے گی یا اتنی مُدت تک جو وقتاً فوقتاً تبدیل ہو۔

(۵) سرکاری ریسیور انتظام کے اختیارات استعمال کرے گا اور کاروبار کرے گا، معاہدے کرے گا اور تمام وصول شُدہ رقوم کا مناسب استعمال کرے گا اور اسٹیبلشمنٹ، گروپ آف اسٹیبلشمنٹ کے کاروبار کو چلانے کے لئے ضروری تمام کام کریگا یا چھوڑے گا۔

(۶) لیبر کورٹ سرکاری ریسیور کے تعیناتی اور کام کی ضابطگی کیلئے دیوانی عدالت کا اختیار ضابطہ فوجداری ۱۹۰۸ء کے تحت استعمال کرے گا۔

(۷) اگر مزدور لیبر کورٹ کے حکم کے ذیلی شق (۳) کے تحت جو ہے، کی خلاف ورزی کریں تو مزدور ایک یا تمام مزدوروں کارکنوں کے برخاست یا ہڑتال والے مزدوروں کے برخاست کا حکم کرسکتا ہے اور باوجودیکہ جو اس قانون میں ہے کے متضاد، اگر عدالت معائنہ جیسے یہ مناسب سمجھے، اپنا فیصلہ بیان کریں کہ کسی رجسٹرڈ تجارتی یونین نے اس کا آغاز کرنے اور کرنے کی سازش کی ہے اور اس فیصلے کے تجارتی یونین کے رجسٹریشن کی منسوخی ہوگی اور تجارتی یونین کے تمام افسروں کی عہدوں سے محروم کرسکتی ہے اور کسی تجارتی یونین کے غیر ختم شدہ مدت ملازمت کے افسروں کو یا کسی مُدت جو جلد آنے والا ہو:

بشرطیکہ لیبر کورٹ اپنے فیصلے پر اگر اچھا اور کافی وجوہات ہوں تو متاثرہ مزدور کیلئے سات دِن کے اندر نظر ثانی کرسکتا ہے۔

(۸) حکومت کے اس مد میں بنے ہوئے اُصولوں کے تحت، تو افسر انکوائری کے مقصد کیلئے ذیلی شق (۱) کے تحت اپنے مقامی حدود جس کیلئے وہ تعینات ہو، ایسی مددگاروں کے ساتھ اگر کوئی ہو تو داخل ہو سکتا ہے جو پاکستان میں ملازمت پر ہو جیسے یہ مناسب سمجھے، اسٹیبلشمنٹ، گروپ آف اسٹیبلشمنٹ جہاں اس کے پاس وجہ ہو کہ یقین کریں کہ غیر قانونی بندش اور ہڑتال جاری ہے اور حدود میں منصوبے میں اور کسی بھی بنے رجسٹر کا معائنہ کرسکتے ہیں اور اُسی وقت یا دوسری طرح ایسے شواہد اشخاص کے لے سکتی ہے اور دوسری ایسے اختیارات کا استعمال کرسکتی ہے جو یہ ضروری سمجھے اس دفعہ کے مقصد کیلئے کرسکتی ہے۔

(۹) افسر کے پاس یہ اختیار ہوگا کہ کسی فریق کو اس تنازعے میں بُلا سکتی ہے اپنے دفتر میں اور اُسی کی موجودگی اسٹیبلشمنٹ، گروپ آف اسٹیبلشمنٹ میں یقینی بنا سکتی ہے اس کے ساتھ کسی فریق کو لیبر کورٹ میں پیش ہونے کا پابند بنانے کا اختیار بھی ہوگا۔

(۱۰) جہاں کوئی فریق ہڑتال یا بندش میں، اس دفعہ کے تحت مطلوب یا پابند لیبر کورٹ یا افسر کے سامنے پیش ہو اور پیش نہ ہوا، تو افسر یا لیبر کورٹ جیسے بھی معاملہ ہو، دوسرے اقدام کے علاوہ جو اس قانون کے تحت قابلِ قبول ہوں، یکطرفہ بھی کاروائی کرسکتی ہے۔

۶۱. **دوران کاروائی ملازمت کے شرائط کے ناقابلِ تبدیل۔---** (۱) ملازم رکھنے والا، کسی مصالحت کے کاروائی، یا ثالث کے کاروائی یا لیبر کورٹ اور ٹربیونل کی، کسی بھی صنعتی تنازعہ کے زیرِ تجویز ہونے کے دوران کسی بھی متعلقہ مزدور اس تنازعے سے، کے ملازمت کے شرائط اُسکے نقصان کیلئے تبدیل، نہیں ہونگے جو اُس پر لاگو ہے۔ اس مصالحت کے کاروائی، یا ثالث کے سامنے کاروائی یا لیبر کورٹ اور ٹربیونل جیسے بھی معاملہ ہو کے سامنے آغاز سے پہلے، اور نہ وہ دے گا۔

(اَ) مصالحت کرنے والے کی اجازت پر جب کوئی مصالحت کی کاروائی زیرِ تجویز ہو؛ یا

(ب) ثالث کی اجازت میں، لیبر کورٹ یا ٹربیونل پر، جب کوئی کاروائی ثالث، لیبر کورٹ یا ٹربیونل میں زیرِ تجویز ہو۔

(۲) باوجود اس کے جو ذیلی شق (۱) میں ہے ایک افسر رجسٹرڈ تجارتی یونین کا کسی بھی حوالہ ذیلی شق (۱) کے کاروائی کے زیرِ تجویز ہونے، دستبردار، برخاست، خارج یا دوسری طرح سزاوار سوائے بد اخلاقی کے لیبر کورٹ سے اجازت طلب کرنے کے بعد، نہیں کرے گا۔ تاہم مزدوروں کی حاصل کردہ مُلازمت کے شرائط وضوابط بذریعہ کلکٹیو بارگیننگ ایجنٹ، معاہدوں، بندوبست، ایوارڈ یا عدالتی فیصلوں میں جاری رہیں گے اُن فریقین پر جب وہ مزدوروں کے بہتری کیلئے نہ دُہرائی جائے۔

۶۲. **مُنجمد / مقررہ اثاثوں کا ہٹاؤ.** ---کوئی ملازم رکھنے والا مقررہ اثاثوں کے لئے ہٹاؤ اسٹیبلشمنٹ میں نہیں کرے گا، غیر قانونی بندش یا ہڑتال کے ہونے کے دوران جو ناجائز نہیں ہے:

بشرطیکہ لیبر کورٹ اُن شرائط کے تحت جو یہ نافذ کر سکتے ہیں کسی بھی منجمد / مقررہ اثاثوں کو محفوظ ہاتھوں میں لینے کیلئے ہٹا سکتے ہیں تا کہ ان اثاثوں کو نقصان نہ ہو، سیلاب، آگ، ہلاکت یا شورش سے۔

۶۳. **کئی اشخاص کا تحفظ.** --- (۱) کوئی بھی شخص جو حصہ لینے سے انکار کرتا ہے یا حصہ لینا جاری رکھنے سے کسی بھی غیر قانونی بندش یا ہڑتال میں، اس انکار کی وجہ سے کسی بھی تجارتی یونین سے خارج نہیں ہو گا یا جُرمانہ یا سزا یا کسی حق سے محروم یا فائدہ جو وہ اور اُس کا جانشین حقدار ہوں یا وہ کسی بھی معاملے میں رکھنے کا ذمہ دار ہو گا براہِ راست یا بلاواسطہ کسی بھی غیر ذمہ داری یا نقصان کا اپنے دوسرے تجارتی یونین اراکین کے بدلے میں نہیں ہو گا۔

(۲) کوئی بھی ذیلی شق (۱) کے احکامات کے تحت جو صنعتی تنازعہ کا معاملہ بن سکتا ہے اور نہ تجارتی یونین کے منشور میں کوئی طریقہ مہیا ہے جو اس کے ایگزیکٹیو یا اراکین کے درمیان تنازعہ حل کرینگے جو کسی بھی حق کو نافذ کرنے کیلئے کاروائی میں لاگو ہونگے یا ذیلی شق (۱) کے تحت معافی میں ہونگے۔ ایسی کسی بھی کاروائی میں لیبر کورٹ اُسی حکم کے معاملے میں وہ شخص جو تجارتی یونین کے رُکنیت سے خارج ہوا ہے کو بحال کر سکتا ہے، حکم سے کہ وہ تجارتی یونین کے فنڈ میں جتنی عدالت چاہے رقم، نقصان یا معاوضہ کے طور پر اس کو ادا کرے گا۔

۶۴. **فریقین کے نمائندگی.** --- (۱) کوئی مزدور جو صنعتی تنازعے کے فریق ہے وہ اس قانون کے تحت کسی بھی کاروائی میں نمائندگی کے حقدار ہونگے ایک افسر جو کلکٹیو بارگیننگ ایجنٹ کا ہو گا اور ذیلی شق (۲) اور (۳) کے احکامات کے تحت کوئی ملازم رکھنے والا جو کسی صنعتی تنازعے کا فریق ہے تو وہ کسی بھی بااختیار شخص کے ذریعے کاروائی میں نمائندگی کا حقدار ہو گا۔

(۲) کوئی بھی فریق صنعتی تنازعے سے اس قانون کے تحت مصالحت کی کاروائی میں کسی لیگل مُشیر کے ذریعے نمائندگی نہیں کرینگے۔

(۳) لیبر کورٹ میں صنعتی تنازعے سے متعلق کاروائی میں فریق بذریعہ وکیل نمائندگی کرینگے یا ثالث کے سامنے یا ٹربیونل کے سامنے بھی، لیبر کورٹ، ٹربیونل اور ثالث کی اجازت پر جیسے بھی معاملہ ہو۔

۶۵. **ایوارڈ اور فیصلوں کی تشریح.** --- (۱) کوئی مشکلات یا شکوک جو کسی فیصلہ، یا ایوارڈ کے احکامات کے متعلق تشریح سے اُٹھے تو یہ اس قانون کے تحت ٹربیونل کو حوالہ ہونگے۔

(۲) ٹربیونل جس کو ذیلی شق (۱) کے تحت معاملہ حوالہ ہو تو فریقین کو سُننے کا موقع فراہم کرنے کے بعد فیصلہ کرے گی جو حتمی ہو گا اور فریقین پر لازم ہو گا۔

۶۶. **ایوارڈ یا فیصلے کے تحت واجب الادا رقم کی بازیابی ملازم رکھنے والے سے.** --- (۱) کسی بھی ایوارڈ یا فیصلہ یا ثالث کے فیصلے یا لیبر کورٹ اور ٹربیونل کے فیصلے کے تحت کسی مُلازم رکھنے والے سے واجب الادا رقم کو بذریعہ زرعی آمدنی کے واجبات میں بازیاب ہو سکتے ہیں یا جیسے عوام مطالبہ کریں جیسے حقدار شخص کے درخواست پر جیسے لیبر کورٹ ہدایت دیں۔

(۲) جہاں کوئی مزدور حقدار ہو گا کسی مُلازم رکھنے والے سے کسی فائدے کا کسی بھی فیصلہ کے تحت، یا ایوارڈ کے تحت یا ایوارڈ کے تحت یا ثالث کے فیصلہ کے تحت، لیبر کورٹ یا ٹربیونل کے فیصلہ کے تحت جو رقم میں شُمار کے قابل ہو گا تو وہ رقم جس میں یہ فائدہ شُمار ہو سکے گا، اس قانون کے تحت بنے اُصول کے تحت متعین ہونگے اور ذیلی شق (۱) میں مہیا/ دستیاب طریقے سے بازیاب ہونگے اور متعلقہ مزدور کو مخصوص تاریخ پر ادا ہونگے۔ لیبر کورٹ کے پاس کلکٹر گریڈ اِ کا اختیار ہو گا اور ایسے اختیار کو متعین رقوم کی بازیابی میں استعمال کرے گا۔

۶۷. **کلکٹیو بارگیننگ ایجنٹ کی تشخیص میں زیرِ تجویز افعال کی کارکردگی.** ---کوئی قدم یا فعل جو اس قانون کے تحت ادا ہونے کیلئے درکار ہوں یا کلکٹیو بارگیننگ ایجنٹ پر لازم ہو تو جب تک اس قانون کے تحت کلکٹیو بارگیننگ ایجنٹ مصدق نہ ہوا ہو تو رجسٹرڈ تجارتی یونین ادا کرے گی جو ملازم رکھنے والوں یا والا نے شناخت کروائے ہوں اُس مُدت کیلئے جو ۶۰ دِن سے تجاوز نہ کریں۔

۶۸. **نامُناسب مزدور مشقوں کی سزا.** --- (۱) جو کوئی اس قانون کے تحت احکامات کے خلاف ورزی کریں تو پچیس ہزار روپے تک جُرمانہ کا ذمہ دار ہو گا۔

(۲) جو کوئی اس قانون کے دفعہ ۷اِ کے احکامات کے خلاف ورزی کریگا تو وہ جُرمانے کا ذمہ دار ہو گا جو تیس ہزار روپے تک بڑھ سکتا ہے۔

(۳) جو کوئی اس قانون کے دفعہ ۱۸اِ کی خلاف ورزی کرے گا تو وہ جُرمانے کا ذمہ دار ہو گا جو پچیس ہزار روپے تک ہو سکتے ہیں جو کلاز (د) ذیلی شق (۱) کے علاوہ ہو۔

(۴) کوئی تجارتی یونین کا افسر، مزدور یا شخص جو مزدور کے علاوہ ہوں، جو خلاف ورزی کریں یا خلاف ورزی پر اُکسائے کلاز (د) ذیلی شق (۱) زیرِ دفعہ ۱۸اِ کے احکامات پر، تو وہ ذمہ دار ہو گا جُرمانے کا جو پچیس ہزار روپے تک ہو سکتی ہے۔

(۵) جہاں کوئی شخص ذیلی شق (۴) کے تحت کسی جُرم کا مرتکب ہوا گر وہ افسر ہو تجارتی یونین کا، تو لیبر کورٹ، دوسرے سزا کے ساتھ جو اس کو ذیلی شق کے تحت دیا جا سکتا ہے، ہدایت کرے گا کہ وہ افسر کا عہدہ چھوڑے گا اور کسی بھی تجارتی یونین میں یہ عہدہ رکھنے سے نااہل نہ ہو گا اس مُدت کے دوران جو آنے والی مدت ہو جس میں اس نے یہ عہدہ چھوڑا ہو۔

(۶) جو کوئی اس قانون کے تحت دفعہ ۶۲ کے احکامات کی خلاف ورزی کرے گا تو وہ جُرمانے کا ذمہ دار ہو گا جو پچاس ہزار روپے تک ہو سکتا ہے۔

۶۹. **فیصلے کے خلاف ورزی پر سزا۔**---جس نے کسی بھی فیصلہ کے کسی بھی شرط کی خلاف ورزی کی، یا ایوارڈ یا فیصلہ جو اس قانون کے تحت ان پر لازم ہے تو قابلِ سزا ہو گا جیسے۔

(اَ) پہلے بار جُرم پر، جرمانہ جو پچیس ہزار روپے تک ہو گا؛ اور

(ب) دوسرے بار جرائم پر، جُرمانہ جو پچاس ہزار روپے تک ہو سکتا ہے۔

۷۰. **فیصلے کے نفاذ کی خلاف ورزی پر سزا۔** ---جو کوئی رضامندی سے کسی بھی بندوبست، فیصلہ، ایوارڈ کے کسی شرط کی خلاف ورزی کریں جو اس قانون کے تحت فرض ہے کہ نافذ کریں تو قابلِ سزا ہو گا جُرمانے کا جو پچیس ہزار روپے تک ہو سکتا ہے اور مسلسل ناکامی کے معاملے میں مزید جُرمانہ جو ہر روز پانچ ہزار روپے تک بڑھے گا پہلے کے دوران جس کی ناکامی جاری ہے۔

۷۱. **غلط بیانی کی سزا۔**---جو کوئی بخوشی کریں یا وجہ بنے کسی بھی درخواست یا دوسرے دستاویزات جو اس قانون کے تحت جمع ہوں یا اُصول اُنکے تحت بنے ہوں، کوئی بیان جو وہ جانتا ہے اور یقین ہو کہ یہ غلط ہے یا بخوشی نظر انداز کریں یا کوئی فہرست بنانے میں یا پیش کرنے میں ناکام ہو، جو دستاویزات یا معلومات اُس سے بنانے یا پیش کرنا مطلوب ہو اس قانون کے تحت یا اُصول جو بنے ہے اُس کے تحت تو قابلِ سزا ہو گا، جُرمانے کا جو پچاس ہزار روپے تک ہو سکتا ہے لیکن کسی بھی معاملے میں دس ہزار روپے سے کم نہ ہو گا۔

۷۲. **کئی حالات میں تجارتی یونین کے افسر کی برخاستگی پر سزا۔** ---کوئی مُلازم رکھنے والا جو اس قانون کے دفعہ ۶۱ کے احکامات کے خلاف ورزی کریں تو قابلِ سزا ہو گا جُرمانے کا جو پچیس ہزار روپے تک ہو سکتے ہیں۔

۷۳. **فنڈز کے غلط استعمال یا خورد بُرد یا غبن پر سزا۔** ---کوئی افسر یا مُلازم رجسٹرڈ تجارتی یونین کا اگر تجارتی یونین کے فنڈز کے خُرد بُرد یا غبن کا ملزم ٹھہرا تو قابلِ جُرمانہ ہو گا اُس رقم کے دوگُنے جو عدالت خرد برد یا غبن معلوم کریں اور حصول رقم پر، جُرمانے کے عدالت متعلقہ تجارتی یونین کو واپس کرے گا۔

۷۴. **دوسرے جرائم کی سزا۔**---جو کوئی اس قانون کے کسی احکامات سے تضاد، ناکام یا پورا نہ کریں اور اگر کوئی سزا اس قانون کے تحت نہ ہو تو ایسی تضاد، ناکامی قابلِ سزا ہونگے جو پچیس ہزار روپے تک ہونگے۔

۷۵.   **غیر آگاہی والے جرائم.**---باوجود اس کے جو تعزیرات پاکستان ۱۸۹۸ء کے تحت شامل ہے، کوئی پولیس افسر مجاز نہ ہو گا کہ وہ بغیر وارنٹ کے ملازم رکھنے والے یا مزدور کو اس قانون کے تحت جرائم میں سوائے غیر قانونی ہڑتال اور غیر قانونی بندش کے جاری رہنے کے حکم کے خلاف ورزی پر زیرِ دفعہ ۶۰ ذِیلی شق (۳) کے تحت اس قانون میں، نہیں کر سکتا ہے۔

۷۶.   **کارپوریشن کے جرائم.**---جب کوئی شخص اس قانون کے تحت کسی جُرم کا مرتکب ہو اور وہ کمپنی یا دوسری کارپوریٹ باڈی ہو، تو ہر ڈائریکٹر، منیجر، سیکرٹری یا دوسرا افسر یا ایجنٹ جو ہے۔ جب تک وہ یہ ثابت نہ کریں کہ وہ یہ جُرم اُس کے علم اور مرضی کے بغیر ہوا ہے یا اُس نے تمام علاقانہ قوت استعمال کی ہو اس جُرم کے ارتکاب کو روکنے کی، تو ایسی جُرم کا ملزم تصور ہو گا:

بشرطیکہ یہ کمپنی نے حکومت کو بذریعہ تحریر اپنے کسی ڈائریکٹر جو پاکستان میں رہائش پذیر ہو جو اس نے اس دفعہ کے مقصد کیلئے نامزد کیا ہو اور ایسا ڈائریکٹر اب بھی موجود ہو، نامزدگی بھیجی ہو حکومت تو صرف وہ اس جُرم کا مرتکب تصور ہو گا۔

۷۷.   **جرائم کی مقدمہ بازی.**---علاوہ اس کے جو اس قانون میں مہیا ہے، کوئی عدالت سوائے لیبر کورٹ کے یا مجسٹریٹ درجہ اوّل اس قانون کے تحت قابلِ سزا جرائم کی مقدمہ بازی، نہیں کرے گا۔

۷۸.   **تلافی.**---کوئی نالیش، مقدمہ اور دوسری کوئی کاروائی کسی بھی شخص پر کسی بھی چیز کیلئے، خلاف نہیں ہو گی جو نیک نیتی سے ہوئی ہو یا اس قانون کی پیروی کرنے میں یا کسی اُصول کی پیروی میں ہوئی ہو۔

۷۹.   **رجسٹرار وغیرہ بحیثیت سرکاری مُلازم.**---رجسٹرار، مصالحت کرنے والا، لیبر کورٹ کا جج، اور ٹربیونل کے اراکین، تعزیرات پاکستان ۱۸۶۰ء کے دفعہ ۲۱ کے تحت سرکاری مُلازم کے معنوں میں شریک ہونگے۔

۸۰.   **حدود.**---حدود ایکٹ ۱۹۰۸ء کے دفعہ ۵ کے احکامات اس مدت کیلئے شُمار ہونگے جس میں درخواست دی ہو یا اس قانون کے تحت کوئی دوسرا اقدام لیا گیا ہو۔

۸۱.   **اُصول بنانے کا اختیار.**---حکومت اس قانون کے مقصد کو پورا کرنے کیلئے اُصول بنائے گی۔

۸۲.   **مقدموں کی منتقلی.**--- (۱) تمام مقدمات جو نیشنل انڈسٹریل ریلیشن کمیشن کے سامنے زیرِ تجویز ہے جو منسوخ انڈسٹریل ریلیشن ایکٹ ۲۰۰۸ء کے تحت مرتب شُدہ ہے، تو وہ ٹربیونل کو، لیبر کورٹ اور رجسٹرار جس کے پاس اس معاملے میں اختیارِ سماعت ہے، کو منتقل ہو جائے گا۔

(۲) نیشنل انڈسٹریل ریلیشن کمیشن ٹربیونل کو تمام مقدموں کا ریکارڈ اور تجارتی یونین منتقل کرے گی۔

(۳) ٹربیونل، لیبر کورٹ اور رجسٹرار اس دفعہ کے تحت منتقل مقدموں میں کاروائی جاری رکھ سکتے ہیں اُسی درجہ سے جس میں یہ نیشنل انڈسٹریل ریلیشن کمیشن کے سامنے زیرِ تجویز ہے، اُس وقت تک جب یہ قانون نافذ ہو۔

۸۳. **تحفظات.---** (۱) باوجود اس کے کہ انڈسٹریل ریلیشن ایکٹ ۲۰۰۸ء اس کے بعد منسوخ قانون کہلائے گا اور بغیر تعصب کے جنرل کلازز ایکٹ ۱۸۹۷ء کے دفعہ ۲۴ اور ۶ کے احکامات کے ،-

(اَ) ہر تجارتی یونین اس قانون کے آغاز سے وجود میں آئے گا جو منسوخ قانون کے تحت رجسٹرڈ ہوا تھا تو اس قانون کے تحت رجسٹرڈ تصور ہو گا اور اس کی ترتیب جاری رہے گی جب تک تبدیل یا تنسیخ نہ ہو؛

(ب) منسوخ ایکٹ کے تحت جو ہوا کام، بنے اُصول، اعلامیہ ی اجاری حکم، تعینات افسر، بنے عدالت، دیے ہوئے نوٹس، مشروع کاروائی یا کوئی دوسرا ایسا گیا قدم یا اُس قانون کے ظاہر شُدہ، اس قانون کے نفاذ تک، کئے ہوئے، بنے ہوئے، جاری، تعینات، مرتب، دیے ہوئے، آغاز شُدہ یا لئے ہوئے اس قانون کے تحت تصور ہونگے؛ اور

(ج) کوئی دستاویز صنعتی تعلقات سے متعلق منسوخ قانون کے تحت حوالہ، اس قانون کے یکساں احکامات کے تحت حوالہ تصور ہونگے۔

۸۴. **مشکلات کا ہٹاؤ.---** اگر کوئی مشکل پیش آئے اس قانون کے کسی احکامات کو مؤثر بنانے میں، تو حکومت سرکاری گزٹ میں بذریعہ اعلامیہ ایسے احکامات کر سکتی ہے جو اس قانون کے تحت احکامات سے متضاد نہ ہوں جو اس کو مشکلات کے ہٹاؤ کے مقصد کو پُورا کرنے کیلئے ضروری لگے۔

۸۵. **منسوخ.---** خیبر پختونخوا انڈسٹریل ریلیشن ایکٹ آرڈیننس ۲۰۱۰ء (خیبر پختونخوا آرڈیننس نمبر III، ۲۰۱۰ء) اس طرح منسوخ ہو گیا ہے۔